اعلیٰ حضرت مجدِدِ دین وملت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسَمّٰی بنامِ تاریخی

اَلمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند
حضرتِ علامہ مولانا محمد مصطفٰی رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّ حِیۡمِ ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلْمَدِ یْنَۃُ الْعِلْمِیّۃ

سِنِ طَباعت: 12 جُمادَی الْاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مَکْتَبَۃُ الْمَدِینہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
E.mail:ilmia26@dawateislami.net
E.mail.maktaba@dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

توکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولٰینا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: **توکُّل** ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد علی الاسباب کا ترک ہے۔(فتاوٰی رضویہ ج ۲۴ ص ۳۷۹) **یعنی** اسباب ہی کی چھوڑ کر دینا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

اصرار کر کے کھانا کِھلایا

ایک مرتبہ کھانا نہ کھایا تھا۔کئی روز سے والدین کریمین کوخواب میں دیکھا۔والدہ ماجدہ نے کچھ نہ فرمایا، والد ماجد نے فرمایا: ''تمہارے نہ کھانے سے ہم کوتکلیف ہوتی ہے۔'' مجبوراً پھر صبح سے کھانا شروع کر دیا۔

گیارہ درجے تک پہنچا دیا

ایک بار میں نے دیکھا کہ حضرت والد ماجد کے ساتھ ایک سواری ہے، بہت نفیس اور اُونچی بھی تھی۔ والد ماجد نے کمر پکڑ کر سوار کیا اور فرمایا: ''گیارہ درجے تک تو ہم نے پہنچا دیا آگے **اللّٰه**(عَزَّوَجَلَّ) مالک ہے۔'' میرے خیال میں اس سے مراد غلامی ہے سرکارِ غوثیت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی۔

خواب میں مدد

ایک صاحب میرے چچا ہوتے تھے۔گاؤں کا کام وہی کرتے تھے۔ایک بار حضرت والد ماجد اُن سے ناراض ہوگئے، فرما دیا تھا کہ اب سے یہ گاؤں کا کام نہ کریں۔ بعد میں مجھے فرصت نہیں ہوئی اور گاؤں کے کام پر مُعْتَمَد آدمی (یعنی بااعتماد آدمی) درکار تھا اوران سے بڑھ کر کون مُعْتَمَد ہوسکتا تھا مگر حضرت والد ماجد کی ممانعت تھی، سخت فکر تھی۔ایک روز شب کو تشریف لائے اور ان کا ہاتھ لے کر میرے ہاتھ میں دے دیا۔ میں سمجھ گیا کہ حضرت کی اجازت ہے کہ اِنہیں کوگاؤں کا کام دے دو۔ چنانچہ صبح ہی کو میں نے انہیں گاؤں کو بھیج دیا۔

مُرغی کے جھوٹے کا حکم

عرض : مرغی اگر پانی میں چونچ ڈال دے ناپاک ہوجائے گا؟

ارشاد : ناپاک نہ ہوگا مَکْرُوہ ہے۔(ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب المياه، فصل فى البئر، مطالب فى السئور، ج ١، ص ٤٢٧)

سجدہ سہو کب واجب ہوگا؟

عرض : مُتَشَابِہ لگا[1]، تین بار لَوٹا مگر نہ نکلا تو سجدہ سَہو لازم ہے؟

---

[1]: بعض آیات کی جگہ دوسری ملتی جلتی آیات شبہ کے طور پر پڑھ لینا۔